# Car-a-Vaan
# موٹر انشورنس پلان



Bank Alfalah
The Way Forward

Alfalah Insurance

## میں Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان کیسے حاصل کرسکتا ہوں ؟

آپ اپنی قریبی بینک الفلاح برانچ پرتشریف لاسکتے ہیں یا بینک الفلاح کے رابطہ سینٹر کے نمبر 111 225 111 پر رابطہ کرسکتے ہیں ۔

## ٹرم کی دستیابی کی رینج کیا ہے ؟

بینک الفلاح کے تمام اکاؤنٹ ہولڈرز اہل ہیں۔

## Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان کس طرح کا تحفظ آفر کرتا ہے ؟

Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان کے ذریعے آپ اپنی موٹر کار کے لیے مکمل تحفظ حاصل کرسکتے ہیں جس کے لیے دو آپشنز فراہم کیے گئے ہیں:

آپشن I: (5 ملین روپے تک مجموعی تحفظ) (ماڈل 5 سال سے زیادہ پُرانا نہ ہو)
موٹر کا جامع تحفظ

1. موٹر کار کے اپنے نقصانات بشمول دہشت گردی کے باعث ہونے والے نقصانات
2. تیسرے فریق کے ذمے پراپرٹی کا نقصان
3. تیسرے فریق کے ذمے جسمانی چوٹ
4. کُل نقصان اور چوری

* پریمیم ریٹ: **2.75%** گاڑی کی قیمت پر لاگو ہو گا

آپشن II: (1.50 ملین روپے تک مجموعی تحفظ) (ماڈل 5 سال سے زیادہ پُرانا ہو)

موٹر انشورنس کے تحت کُل نقصان، چوری اور تیسرے فریق کی ذمہ داری پر تحفظ

1. تیسرے فریق کے ذمے پراپرٹی کا نقصان
2. تیسرے فریق کے ذمے جسمانی چوٹ
3. کُل نقصان اور چوری

* پریمیم ریٹ:**1.50%**گاڑی کی قیمت پر لاگو ہو گا

| | موٹر انشورنس کا تحفظ |
|---|---|
| **آپشن 1(جامع تحفظ)**<br><br>**سیکشن I**<br>**نقصان یا تباہی** | ☆ بیرونی ذرائع سے حادثاتی نقصان<br>☆ آگ کے باعث بیرونی دھماکہ یا خود سے آگ لگی ہو یا لائٹنگ یا فروسٹ<br>☆ نقب زنی، گھر کی توڑ پھوڑ یا چوری<br>☆ حاسد فرد کے باعث نقصان<br>☆ ہنگامہ ، ہڑتال<br>☆ سیلاب، ژالہ باری، ہوا، طوفان، آندھی، سخت آندھی طوفان یا گرد کا آندھی طوفان<br>☆ زلزلہ، آتش فشاں کا پھٹنا یا قدرت کی دیگر آفات<br>☆ ہوا، سڑک، ریل، اِن لینڈ واٹر وے ، لفٹ یا ایلیویٹر کے باعث نقصان،دہشت گردی |
| **سیکشن II**<br>**تیسرے فریق کی ذمے داری** | ☆کسی فرد کی وفات یا جسمانی چوٹ کی صورت میں، لیکن جب تک کہ وہ موٹر وہیکل ایکٹ 1939 کے سیکشن 95 کی ضروریات کو پورا نہ کرے ۔ ایسی وفات یا جسمانی چوٹ اور ملازمت کے دوران بیمہ شدہ شخص کے لیے کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔<br>☆ بیمہ شدہ یا ٹرسٹ میں رکھا گیا یا بیمہ کے تحفظ یا کنٹرول میں، جائیداد کی دیگر اشیاء کے علاوہ جائیداد کو نقصان |
| **آپشن 2 (چوری، کُل نقصان اور تیسرے فریق کی ذمہ داری )** | ☆ چوری<br>☆ کُل نقصان<br>☆کسی فرد کی وفات یا جسمانی چوٹ کی صورت میں، لیکن جب تک کہ وہ موٹر وہیکل ایکٹ 1939 کے سیکشن 95 کی ضروریات کو پورا نہ کرے ۔ ایسی وفات یا جسمانی چوٹ اور ملازمت کے دوران بیمہ شدہ شخص کے لیے کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔<br>☆ بیمہ شدہ یا ٹرسٹ میں رکھا گیا یا بیمہ کے تحفظ یا کنٹرول میں، جائیداد کی دیگر اشیاء کے علاوہ جائیداد کو نقصان |

## بیمہ کے تحفظ کا آغاز کب ہوتا ہے ؟

جب آپ کی گاڑی کا پری رسک اٹیچمنٹ سروے مکمل ہو جاتا ہے اور آپ کے بینک الفلاح اکاؤنٹ سے پریمیئم کی رقم منہا کر لی جا تی ہے تو آپ کے بیمہ کا تحفظ مؤثر ہو جاتا ہے۔

## یہ تحفظ کب تک مؤثر رہے گا ؟

ایک بار اندراج ہو جانے کے بعد آپ کے بیمہ کا تحفظ ایک سال کی مدت تک جاری رہے گا۔

## کونسی بیمہ کمپنی کے تحت Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان دیا جاتا ہے ؟

تمام فوائد الفلاح انشورنس کمپنی کے تحت فراہم کیے جاتے ہیں۔ الفلاح انشورنس کمپنی جو کہ پاکستان میں ابو ظہبی گروپ اور بینک الفلاح کی ذیلی کمپنی کے وینچرز میں سے ایک ہے ۔ الفلاح انشورنس کمپنی نے اپنے آپریشنز کا آغاز 2006 میں کیا تھا اور تب سے یہ سب سے زیادہ تیزی سے ترقی کرنے والی کمپنیوں میں شمار ہوتی ہے جس نے صرف 9 سالوں میں 2 بلین روپے کا پریمیئم حاصل کر کے ایک سنگِ میل قائم کیا ۔
PACRA نے الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ کو 'AA-' کا درجہ دیا ہے مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی http://www.alfalahinsurance.com وزٹ کریں۔

## کن حالات میں آپ بیمہ کا تحفظ حاصل کرنے کے حقدارنہیں ہونگے؟*

Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان مندرجہ ذیل نتائج کے باعث ہونے والے نقصان پر تحفظ فراہم نہیں کرتا ہے :

☆ جنگ یا جنگ کی طرح کے آپریشنز
☆ پہلے سے موجود نقصانات
☆ جب گاڑی کو کرائے پر چلانے یا معاوضہ حاصل کرنے ، ریس کے لیے ، پیس میکنگ ، ریلائبلٹی ٹرائل ، اسپیڈ ٹیسٹنگ اور سامان لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔
☆ کونٹریکچوئل لائبلٹی کے حوالے سے کوئی بھی دعویٰ دائر ہو

* یہاں اہم ممنوعات بیان کی گئی ہیں۔ ممنوعات اور پابندیوں کی مکمل فہرست کے لیے برائے مہربانی الفلاح کے اسٹینڈرڈ پرائیویٹ کار انشورنس پالیسی کے شرائط و ضوابط ملا حظہ کریں ۔

## کلیم کی صورت میں کس سے رابطہ کریں ؟

کلیم کے لیے ، برائے مہربانی رابطہ کریں :
الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ
کسٹمر کیئر سینٹر 222 234 111 (042)
ای۔میل: afi@alfalahinsurance.com
آپ درج ذیل پتے پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں :
کلیمز منیجر
الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ
5 سینٹ میری پارك، گلبرگ ۔III ، لاہور

تمام کلیمز درکار دستاویزات کی تکمیل ہونے کے 15 کاروباری دنوں میں ادا کر دیئے جائیں گے۔

## اگر میں پالیسی منسوخ کرنا چاہوں تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

آپ کے پاس اجراء کی تاریخ سے 14 دن کا فری لُک پیریڈ ہے ۔ جس کی مدت کے دوران پالیسی منسوخ کرنے کی صورت میں مکمل اداشدہ پریمیئم آپ کو ری فنڈ ہو جائے گا ۔ اگر کوئی کلیم داخل نہ کیا گیا ہو۔

مزید معلومات کے لیے برائے مہر بانی رابطہ کریں :
الفلاح کسٹمر کیئر سینٹر 222 234 111 (042)
بینک الفلاح لمیٹڈ صرف بطور ڈسٹری بیوشن ایجنٹ کام کررہا ہے اور اس پراڈکٹ کے تحت ہونے والے کسی بھی نقصان کے لیے جوابدہ نہیں ہے ۔

**انتباہ:**

☆ Car-a-Vaan موٹرانشورنس پلان ایک انشورنس پراڈکٹ ہے جو الفلاح انشورنس کمپنی لمیٹڈ کی منظم کردہ شرائط و ضوابط کے تحت دی جائے گی، جاری کی جائے گی اور مشروط ہوگی۔
☆ یہ کوئی بینک پراڈکٹ نہیں ہے جو کیش ویلیو کے مجموعے پر منافع یا سرمایہ ادا کرے یا کوئی دیگر ذمہ داری ادا کرے یا بینک الفلاح اور / یا بینک الفلاح کے کسی بھی ممبر کی طرف سے کوئی ضمانت فراہم کرے۔
☆Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان کے لیے آپ کی درخواست یا کلیم کا الفلاح انشورنس کمپنی کی طرف سے مسترد ہوجانے کی صورت میں کسی بھی طور سے بینک الفلاح ذمہ دار نہیں ہوگا ۔ پالیسی ہولڈر کی طرف سے ادا کی گئی پریمیئم کی رقم الفلاح انشورنس کمپنی کو ادا کر دی جائے گی اور بیمہ کے تحفظ کے لیے استعمال کی جائے گی اور مدت کے اختتام پر پالیسی ہولڈر کو کوئی رقم ادا نہیں کی جائے گی۔
☆ Car-a-Vaan موٹر انشورنس پلان خریدنا اختیاری ہے لیکن بینک الفلاح پاکستان پی کے آر بینک اکاؤنٹ درکار ہے ۔

111 225 111
bankalfalah.com